© rasailojaraid.com



عنوان: کلیات بسمل

مصنف: نواب سجاد علی خان

ناشر: سنگ میل پبلی کیشنز، لاہور

صفحات: 222

قیمت: 500 روپے

رئیس کرنال نواب سجاد علی خان بسمل اپنے زمانے میں ایک نمایاں شخصیت تھے۔ وہ پاکستان کی دستور ساز اسمبلی کے رکن اور ون یونٹ کے دور میں مغربی پاکستان کے نائب وزیر رہے۔ بہت سے لوگ اُن کو وزیراعظم لیاقت علی خان کے بھائی کی حیثیت سے بھی جانتے ہیں۔ اُن کی شاعری کا ایک مجموعہ 'افکار بسمل' کے عنوان سے شائع ہوا تھا۔ پروفیسر ساجدہ پروین نے اس مجموعہ اور نواب صاحب کی ڈائری سے کلام اکٹھا کر کے 'کلیات بسمل' کی صورت عطا کی ہے۔

نظموں اور غزلوں پر مشتمل یہ مجموعہ اردو کی روایتی شاعری کا نمونہ ہے۔ اس کو 'موضوعاتی اور فنی اعتبار سے قدیم رجحانات اور جدید احساسات' کے امتزاج سے تعبیر کیا گیا ہے۔ اس میں دو موضوعات زیادہ نمایاں ہیں۔ ان میں سے ایک عشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور دوسرا تصوف ہے۔

---

© rasailojaraid.com